’’تم اگلی صف پوری کرو، اس کے بعد جو اس سے متصل ہے اور جو کمی ہو وہ پچھلی صف میں ہو‘‘

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’تم اگلی صف پوری کرو، اس کے بعد جو اس سے متصل ہے اور جو کمی ہو وہ پچھلی صف میں ہو‘‘
[صحيح] [رواه أبو داود والنسائي]

نبی ﷺ نے جماعت سے نماز پڑھنے والے مردوں کو حکم دیا کہ وہ پہلی صف مکمل کریں، پھر اس کے بعد والی صف، اور اسی طرح (باقی صفیں بھی)۔ چنانچہ اگر کسی صف میں کوئی کمی ہو تو یہ کمی آخری صف میں ہونی چاہیے۔

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/65738